بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صلہ رحمی اور عمدہ اخلاق
گھروں کو آباد کرتے ہیں
اور عمروں کو بڑھاتے ہیں

شعب الایمان رقم الحدیث:7969

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس نے اس حال میں صبح کی کہ اپنے والدین کا فرمابردار ہے اس کے لئے صبح ہی کو جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں اگر والدین میں سے ایک ہی ایک دروازہ کھلتا ہے اور جس نے اس حال میں صبح کی کہ والدین کے متعلق خدا کی نافرمانی کرتا اس کیلئے صبح ہی کو جہنم کے دو دروازے کھل جاتے ہیں اور ایک ہو تو ایک دروازہ کھلتا ہے ایک شخص نے کہا اگرچہ ماں باپ اس پر ظلم کریں؟ فرمایا اگرچہ ظلم کریں اگرچہ ظلم کریں اگرچہ ظلم کریں۔

البیھقی رقم الحدیث:7538

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیوی کی کمزوریاں تلاش کرنے سے منع فرمایا ہے۔

صحیح مسلم رقم الحدیث: 4969

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تباہ کر دینے والی چیز اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنا ہے اس سے بچو اور جادو کرنے کرانے سے بھی بچو

صحیح بخاری رقم الحدیث: 5724

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس شخص سے مشورہ طلب کیا جائے وہ امین ہے یعنی مشورے کی بات اس کے پاس **امانت** ہوتی ہے۔

صحیح ترمذی رقم الحدیث:2822

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

موت کی آرزو مت کرو
اگر تم نیک ہو تو شاید زیادہ
نیکی کر سکو اور اگر بدکار ہو تو
توبہ کر کے اللہ کو راضی کر سکو

صحیح بخاری رقم الحدیث: 5327

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص اللہ کو اپنا رب اسلام کو دین اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا رسول ماننے پر راضی ہو جائے وہ ایمان کی مٹھاس پا لیتا ہے

صحیح مسلم رقم الحدیث:34

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

خیرات کو مت روکو
ورنہ تمہارا رزق بھی
روک دیا جائے گا

صحیح بخاری رقم الحدیث: 518

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایک شخص نے دریافت کیا۔
میں اپنے ملازم سے دن میں
کتنی بار **درگذر** کروں؟ تیسری بار
سوال کرنے پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا: دن میں ستر (70) مرتبہ

ابوداؤد رقم الحدیث: 5164

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بدترین لوگ وہ ہوں گے جن پر قیامت قائم ہوگی اور بدترین ہیں وہ لوگ جو قبرستان کو سجدہ گاہ بنالیں

مسند احمد رقم الحدیث:3844

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بہترین دوا

قرآن مجید

ہے۔

ابن ماجہ رقم الحدیث: 3533

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جنت ماؤں کے قدموں کے نیچے ہے

الشہاب القضاعی فی المسند رقم الحدیث:119

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وہ شخص جو تنہائی میں اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے ہوئے (اللہ کے خوف سے) رو پڑتا ہے اللہ تعالیٰ اُسے قیامت کے دن اپنے عرش کا سایہ عطا کریں گے۔

صحیح بخاری رقم الحدیث:6806

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دنیا بھر کا ختم ہو جانا اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مومن کا ناحق قتل کرنے سے ہلکا ہے۔

ابن ماجہ رقم الحدیث:2619

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ ﷺ

ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر گناہ
معاف کر دے سوائے اس
(گناہ) کے کہ آدمی مومن کو
جان بوجھ کر قتل کرے
یا کافر ہو کر مرے۔

سنن نسائی رقم الحدیث:3989

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اس امت میں زمین میں دھنسنے پتھر برسنے اور شکلیں بگڑنے کا **عذاب** ہو گا اور یہ اس وقت ہو گا جب لوگ شراب پیئیں گے، ناچنے گانے والی عورتیں رکھیں گے اور میوزک موسیقی بجائیں گے

سلسلہ الحادیث الصحیحہ رقم الحدیث:2203

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ ﷺ

اللہ تعالیٰ گناہ کو گناہ سے نہیں مٹاتا وہ تو گناہ کو اچھائی اور نیکی سے مٹاتا ہے گندگی سے گندگی دور نہیں ہوتی

مسند احمد رقم الحدیث: 3672

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میری امت میں کوئی ایسا نہیں ہونا چاہیے کہ اس کے پاس میری کوئی حدیث آئے لیکن وہ کہے کہ ہم اسے نہیں مانتے بلکہ جو قرآن میں ہمیں ملا ہے وہی کافی ہے

ابوداؤد رقم الحدیث:4605

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تنگدستی کی وجہ سے برباد ہونے والے یا کسی بے ہنر کی مدد کرنا سب سے افضل عمل ہے

صحیح بخاری رقم الحدیث:2518

419

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب تم میں سے کوئی دعا مانگے تو پورے یقین سے مانگے

صحیح مسلم رقم الحدیث: 4811

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ایسا بندہ ناکام ونامراد ہوا جس کے دل میں اللہ تعالیٰ نے انسانیت کیلئے نرمی نہیں رکھی۔

سلسلہ الصحیحہ رقم الحدیث:456

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ابن آدم کی ہر گفتگو اس کے خلاف دلیل بنے گی سوائے اس گفتگو کے جو اس نے نیکی کا حکم دینے برائی سے روکنے اور ذکر الٰہی میں کی ہو گی۔

ابن ماجہ رقم الحدیث:3974

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کسی کی عدم موجودگی میں اگر دعا کی
جائے تو وہ قبول ہوتی ہے اور اس
کی دعا پر ایک فرشتہ کہتا ہے اے
اللہ اس آدمی کی دعا قبول کر اور جو
کچھ یہ اپنے بھائی کیلئے مانگ رہا
ہے اسے بھی وہی عطا فرما۔

صحیح مسلم رقم الحدیث:2733

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہجرت پر بیعت کرتا ہوں اور میں اپنے والدین کو روتے ہوئے چھوڑ آیا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تم واپس چلے جاؤ اور ان کو خوش کرو جیسے کہ تم نے ان کو رونے پر مجبور کیا ہے۔

سنن النسائی رقم الحدیث: 4163


بسم اللہ الرحمن الرحیم
فرمان رسول اللہ ﷺ
میں عاقب ہوں اور
عاقب سے مراد وہ نبی
ہے جس کے بعد کوئی
نبی نہیں ہو گا
صحیح مسلم رقم الحدیث:2354

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

نیکی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا
نماز پڑھنا، صدقہ کرنا اور روزے
رکھنا یہ سارے اعمال اہل و عیال
مال اور اولاد میں آدمی کی آزمائش
سے **کفارہ** بن جاتے ہیں۔

صحیح بخاری رقم الحدیث:525

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اپنے لئے ہمیشہ اچھی دعا کیا کرو اس لئے کہ فرشتے تمہاری دعاؤں پر آمین کہتے ہیں۔

صحیح مسلم رقم الحدیث: 2169

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

مہمان نوازی نہ کرنے والے شخص میں کوئی بھلائی نہیں

سلسلہ الصحیحہ رقم الحدیث:2434

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ کے راستے میں
جو خرچ کرے گا
اُسے سات سو گنا
ثواب ملے گا۔

مستدرک الحاکم رقم الحدیث: 2441

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس شخص پر تنگدستی آجائے اور وہ لوگوں سے امید لگائے تو اللہ تعالیٰ اس کا فاقہ دور نہیں کرتا اور جو اللہ تعالیٰ سے رجوع کرلے اللہ تعالیٰ جلد اُسے غنی کردے گا

ترمذی رقم الحدیث: 2326

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم عذاب جہنم سے اللہ کی پناہ طلب کرو

(صحیح) مسند احمد رقم الحدیث: 21997

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب نماز پڑھو تو ایسے پڑھو جیسے وہ تمہاری الوداعی نماز ہو کوئی بھی ایسی بات نہ کرو جس پر کل کو تمہیں معذرت پیش کرنا پڑے اور لوگوں کے ہاتھوں میں جو کچھ ہے اس سے **امیدیں** وابستہ مت کرو۔

سلسلہ الصحیحہ رقم الحدیث: 401

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جب دو مسلمان اپنی اپنی تلواریں لے کر آپس میں لڑ پڑیں تو قاتل اور مقتول دونوں جہنمی ہیں۔

صحیح بخاری رقم الحدیث:30

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اگر کوئی ایک انگارے پر بیٹھے جو اس کے کپڑوں کو جلا دے اور اس کی کھال تک (اس کا اثر) پہنچے تو بھی **قبر** پر بیٹھنے (یعنی مجاوری کرنے) سے بہتر ہے۔

صحیح مسلم رقم الحدیث:498

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اکثر لوگ تقویٰ اور حسن خلق کی وجہ سے جنت جائیں گے۔

ابن ماجہ رقم الحدیث:4246

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس قوم کے حکمران اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ نہیں کریں گے اللہ تعالیٰ انہیں خانہ جنگی میں مبتلا کر دیں گے

(صحیح) المستدرک الحاکم رقم الحدیث:8623

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

انسان کے گنہگار ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ وہ ان لوگوں کو ضائع کر دے جن کی روزی کا وہ ذمہ دار ہو (مثلاً ضعیف والدین اور بیوی بچے)

مسند احمد رقم الحدیث: 6495

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم سے پہلی قومیں اس لئے برباد ہوئیں جب ان میں کوئی امیر شخص چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور غریب کرتا تو سزا دیتے۔

صحیح بخاری رقم الحدیث:3475

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عورت (سراپا) پردہ ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانکتا ہے

جامع ترمذی رقم الحدیث:1173

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بلاشبہ انسان کا رزق اس کو موت سے بھی زیادہ شدت سے تلاش کرتا ہے۔

صحیح ابن حبان رقم الحدیث: 3238

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چار چیزیں بد نصیبی کی پہچان ہیں۔

☆ آنکھوں کا خشک ہونا

(کہ اللہ تعالیٰ کے خوف سے کسی وقت بھی آنسو نہ ٹپکے)

☆ دل کا سخت ہونا

(کہ آخرت کیلئے یا کسی دوسرے کیلئے کسی وقت بھی نرم نہ پڑے)

☆ امیدوں کا لمبا ہونا ☆ دنیا کی لالچ

ترغیب وترہیب رقم الحدیث: 4741

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اے عباس رضی اللہ عنہ آپ میرے

چچا ہیں لیکن میں آخرت میں آپ کے

کسی کام نہیں آ سکوں گا اپنے رب سے

دنیا اور آخرت میں درگذر اور عافیت کی

دُعا مانگتے رہا کرو۔

مسند احمد رقم الحدیث: 1766

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک شخص کے پاس تشریف لے
گئے اور حال پوچھا کہنے لگا اللہ سے امید بھی ہے
اور اپنے گناہوں کا خوف بھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے
فرمایا جس کے دل میں یہ دونوں جمع ہو جائیں
اللہ ضرور اس کی امید پوری کر دیتا ہے اور اس
کے خوف سے اُسے بچا لیتا ہے۔

صحیح ترمذی رقم الحدیث:983

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

والدین کا اپنی اولاد پر کتنا حق ہے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا وہ دونوں تیری

جنت (بھی) ہیں اور دوزخ (بھی)

(یعنی ان کی خدمت کرکے جنت حاصل کرلو

یا نافرمانی کرکے دوزخ کے مستحق ہوجاؤ)

ابن ماجہ رقم الحدیث: 3662

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

جو شخص اپنے والدین یا ان میں
سے کسی ایک کو پائے اور پھر جہنم
میں چلا جائے تو اللہ تعالیٰ نے
اس کو اپنی رحمت سے بہت
دور کر دیا اور اس سے ناراض ہوا

مسند احمد رقم الحدیث: 19027

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تین قسم کے لوگ اللہ کی **حفاظت** میں رہتے ہیں اگر زندہ رہیں تو رزق اور حفاظت پاتے ہیں اور اگر فوت ہو جائیں تو جنت کے حق دار ہوتے ہیں (۱) گھر میں داخل ہوتے ہوئے جو سلام کہے وہ اللہ کی حفاظت میں ہو گا۔ (۲) مسجد کی طرف جانے والا بھی اللہ کی نگرانی میں ہوتا ہے۔ (۳) اللہ کی راہ میں نکلنے والا (مجاہد) بھی اللہ کی حفاظت میں ہوتا ہے۔

ابو داؤد رقم الحدیث: 2496

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حیا اور ایمان لازم و ملزوم ہیں ان میں سے کوئی ایک ختم ہو جائے تو دوسرا خودبخود ختم ہوتا ہے۔

صحیح الترغیب والترہیب رقم الحدیث:2636

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ ﷺ

بہترین شخص وہ
ہے کہ جس کی
زندگی طویل ہو
اور عمل اچھا ہو

صحیح ترمذی رقم الحدیث: 2329

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو تو اس یقین کے ساتھ مانگو کہ تمہاری دعا ضرور قبول ہوگی اور (اچھی طرح) جان لو کہ غفلت اور لہو لعب میں مبتلا دل کی دعا اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتا۔

جامع ترمذی رقم الحدیث: 3479

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس شخص نے قرآن مجید کی ایک آیت بھی سکھائی جب تک اس کی تلاوت ہوتی رہے گی سکھانے والے کو اس کا اجر ملتا رہے گا۔

سلسلہ احادیث صحیحہ رقم الحدیث:1335

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جمعہ کے دن ایک ایسی گھڑی
ہے جس میں اللہ تعالیٰ سے جو
بھی مانگا جائے وہ عطا فرما دیتا
ہے بشرطیکہ **حرام چیز**
کا سوال نہ کیا جائے۔

ابن ماجہ رقم الحدیث: 1084

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ ﷺ

اللہ تعالیٰ کو پسند ہے کہ تم لوگ یہ تین کام کرو ☆ اللہ کی عبادت کرو ☆ اس کا کوئی شریک نہ ٹھہراؤ ☆ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور فرقہ واریت سے دور رہو۔

صحیح مسلم رقم الحدیث: 1715

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس نے خود جادو کیا یا اس کیلئے جادو کیا گیا جس نے کہانت کی (یعنی نجومیوں والا کام کیا) یا اس کیلئے کہانت کی گئی جس نے بدفال لی یا جس کیلئے بدفال لی گئی وہ ہم میں سے نہیں۔

سلسلہ الصحیحہ رقم الحدیث: 2650

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم لوگ میرے پاس اپنے جھگڑے لے کر آتے ہو کچھ لوگ بات بنانے کا ڈھنگ جاننے کی وجہ سے ہوشیاری سے اپنی بات کر لیتے ہیں میں جو کچھ سنتا ہوں اُس کے مطابق فیصلہ کرتا ہوں اگر میں کسی کیلئے ناحق فیصلہ کروں تو وہ اس چیز کو ہرگز قبول نہ کرے کیونکہ اس کیلئے وہ ایسے ہے جیسے میں اسے آگ کا ٹکڑا دے رہا ہوں۔

صحیح مسلم رقم الحدیث:1713

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سورہ بقرہ کی آخری آیات

اُتریں تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے ارشاد فرمایا

شراب کی خرید و فروخت

حرام قرار دی گئی ہے

صحیح بخاری رقم الحدیث: 2226

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اچھے کام کی
سفارش کرو
تمہیں اجر ملے گا

صحیح مسلم رقم الحدیث: 2627

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دنیا میٹھی اور سرسبز ہے
اللہ تعالیٰ اس دنیا میں تمہیں
ایک دوسرے کے جانشین
بنا کے دیکھے گا کہ تم کیا عمل
پیش کرتے ہو۔

صحیح مسلم رقم الحدیث: 2742

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وصیت سے پہلے قرض ادا کیا جائے

سنن ترمذی رقم الحدیث:2094

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمانِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سب سے زیادہ غیرت مند اللہ تعالیٰ کی
ذات ہے یہی وجہ ہے کہ اس نے
بے حیائی کے کاموں کو جو کھلے ہوں یا
چھپے ہوں حرام کیا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی
تعریف کو سب سے زیادہ پسند کرتا ہے
اسی لئے اُس نے اپنی تعریف کی ہے

صحیح بخاری رقم الحدیث: 4637

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اسلام کا آغاز اجنبی کی حیثیت سے ہوا اور عنقریب پھر اسی طرح اجنبی ہو جائے گا جیسے شروع ہوا تھا خوشخبری ہے اجنبیوں کے لئے۔

صحیح مسلم رقم الحدیث:145

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صاحب قرآن کے والدین کو ایسے لباس پہنائے جائیں گے کہ دنیا و مافیہا کی جس کے سامنے کچھ حیثیت نہ ہو گی یہ ان کی اولاد کے قرآن سیکھنے کی وجہ سے ہے

مستدرک حاکم رقم الحدیث: 2086

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ اس
کی عمر میں برکت اور رزق میں
اضافہ ہو جائے اسے چاہیے کہ
اپنے والدین کے ساتھ حسن
سلوک کرے اور صلہ رحمی کرے

مسند احمد رقم الحدیث: 13401

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

بے شک افضل ترین صدقہ پانی پلانا ہے

صحیح الجامع الصغیر رقم الحدیث:1113

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تم لوگوں کو دُکھ دینے سے بچو تو یہ بھی صدقہ ہے جو تم اپنے اوپر کرو گے

صحیح بخاری رقم الحدیث: 2518